# نیشنل پیرنٹس کونسل پرائمری (NPC)

# تعارف

نیشنل پیرنٹس کونسل پرائمری (NPC) پرائمری یا ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کے والدین کی نمائندہ تنظیم ہے۔ یہ تعلیم والدین کی مرضی کی مختلف جگہوں پر دی جا سکتی ہے۔ کچھ والدین اپنے بچوں کو مختلف سکولوں یا نرسری سکولوں میں تعلیم دلوانا پسند کرتے ہیں جبکہ کچھ والدین اپنے بچوں کو گھر پر ہی تعلیم دینا پسند کرتے ہیں۔
نیشنل پیرنٹس کونسل پرائمری کا قیام 1985 میں ایک حکومتی پروگرام کے تحت پرائمری سکول میں تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کے والدین کی نمائندہ تنظیم کے طور پر عمل میں آیا اور ایجوکشن ایکٹ 1998 میں اسے قانونی حیثیت حاصل ہوئی۔
NPC کی حیثیت ایک خیراتی ادارے کی ہے اور یہ ایک محدود ضمانت کی کمپنی ہے۔ اس میں ڈائریکٹرز کا ایک بورڈ ہوتا ہے اور اس میں ایک چیف ایگزیکٹو اور عملہ کام کرتا ہے۔

# NPC کا مقصد

" نیشنل پیرنٹس کونسل پرائمری تمام بچوں کی ابتدائی اور پرائمری تعلیم کے فروغ میں کردار ادا کرنے کیلئے قائم ہوئی ہے تاکہ ہر بچے کی تعلیم کو بہتر بنایا جا سکے اور تعلیم کے ہر مرحلے میں والدین کی شمولیت میں ان کی معاونت کی جا سکے۔"

# NPC کا ڈھانچہ

- **ممبرز**

NPC کے اندر رکنیت کی دو اقسام ہیں۔ NPC کے فُل ممبرز وہ تمام والدین تنظیمیں ہیں جو رکنیت کیلئے درخواست دیتی ہیں اورNPC کے رجسٹر برائے ممبران میں ان کا اندراج ہوتا ہے۔ یہ ممبران تنظیم کے اندر ووٹ دینے کے حقوق سمیت رکنیت کی دیگر تمام سہولیات سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ NPC کے ایسوسی ایٹ ممبرز بھی ہوتے ہیں۔ اس قسم کی رکنیت میں وہ افراد یا جماعتیں شامل ہیں جو NPC کے مقاصد کے حصول میں اس کے ساتھ تعاون کرتی ہیں لیکن والدین تنظیمیں نہیں ہوتیں۔ ایسوسی ایٹ ممبرز فُل ممبرز نہیں ہوتے اور انہیں NPC کے اندر ووٹ دینے کے حقوق حاصل نہیں ہوتے۔ تاہم وہ رکنیت کی دوسری سہولیات سے فائدہ اُٹھانے کے اہل ہوتے ہیں۔

- **ضلعی شاخیں (کاوٴنٹی برانچز)**

NPC کی ضلعی شاخ ایک ایسا نظام ہے جس کے ذریعے والدین اور کاوٴنٹی کی والدین تنظیمیں اپنے بچوں کی بہترین تعلیم کیلئے مل بیٹھ کر اکٹھے کام کر سکتی ہیں۔ NPC سے الحاق شدہ والدین کی تنظیمیں اپنی ضلعی شاخوں کیلئے نمائندگان کا انتخاب کر سکتی ہیں۔
کاوٴنٹی کی سطح پر والدین بچوں کی تعلیم کے بارے میں تبادلۂ خیالات کرتے ہیں، ایک دوسرے کو اپنے تجربات سے آگاہ کرتے ہیں، بچوں، اساتذہ اور والدین کے درمیان شراکت داری کو فروغ دیتے ہیں اور مقامی اور قومی اہمیت کے حامل تعلیمی مسائل کو زیرِ بحث لاتے ہیں۔
کاوٴنٹیاں مقامی والدین کے نظریات، خیالات اور اندیشوں کو اپنے منتخب کردہ اسمبلی ممبران کے ذریعے قومی سطح پر اُجاگر کرتی ہیں۔

- **اسمبلی**

اسمبلی ایک ایسی جماعت ہے جس کا اولین مقصد NPC کی تعلیمی پالیسی وضع کرنا ہے اور ہر ضعلی شاخ (کاوٴنٹی برانچ) اسمبلی میں بیٹھنے کیلئے 2 نمائندگان کا انتخاب کر سکتی ہے۔ اسمبلی میں NPC کے سپیشل انٹریسٹ گروپس (آگےملاحظہ کیجئے) کے ممبران بھی شامل ہوتے ہیں۔ سال میں کم از کم تین دفعہ اسمبلی کا اجلاس ہوتا ہے اور NPC کی تعلیمی پالیسی وضع کرنے والی جماعت ہونے کی حیثیت سے ضروری ہے کہ اسمبلی والدین کی آراء میں ہونے والی بتدریج تبدیلیوں کی صراحت کے ساتھ نمائندگی کرے۔
اسمبلی اور بھی کئی کام سرانجام دیتی ہے جن میں سے ایک ضرورت پڑنے پر NPC کے بورڈ کے الیکشن کیلئے اپنے ممبران میں سے چند ایک کو نامزد کرنا ہے۔ اس کے بعد NPC کے ارکان بورڈ کے ممبران کا انتخاب کرتے ہیں۔

- **سپیشل انٹریسٹ گروپس**

NPC کے سپیشل انٹریسٹ گروپس ہوتے ہیں جو ایسے بچوں کے والدین کی نمائندگی کرتے ہیں جو Scoileanna Lan Gaeilge/Gaeltacht یا اقلیتی مذاہب کے سکولوں میں تعلیم حاصل کرتے ہیں یا ایسے بچے جنہیں عام یا خاص سکولوں میں مخصوص تعلیمی سہولیات درکار ہوں۔
ضرورت پڑنے پر اور NPC بورڈ کی منظوری کے ساتھ ان گروپس کی تعداد میں وقتاً فوقتاً اضافہ کیا جا سکتا ہے۔
ہر سپیشل انٹریسٹ گروپ کا NPC اسمبلی میں ایک منتخب کردہ نمائندہ ہوتا ہے جو نکتہ ہائے نظر کو قومی سطح پر پیش کرنے کا کام کرتا ہے۔

- **NPC بورڈ آف ڈائریکٹرز**

NPC بورڈ کے ارکان کی نامزدگی اسمبلی کے ارکان کی طرف سے ہوتی ہے اور ایک عمومی اجلاس میں NPC کے ممبران اس کا انتخاب کرتے ہیں۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز NPC کی تمام سرگرمیوں کی نگرانی کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

## NPC کی خدمات

NPC کی خدمات کا مقصد والدین کو اس قابل بنانا ہے کہ وہ تعلیم کے ہر پہلو میں اپنے بچوں کی معاونت کر سکیں۔

- **ہیلپ لائن**

NPC ہیلپ لائن والدین کیلئے ایک بااعتماد قومی سروس ہے۔ ہیلپ لائن پر موجود عملہ والدین کی بات کو سنتا ہے اور بچوں کیلئے اور بچوں کے ساتھ مل کربہترین فیصلے کرنے میں والدین کو معلومات اور معاونت فراہم کرتا ہے۔ ہیلپ لائن سوموار سے جمعہ کے دنوں میں صبح 9 بجے سے لے کر سہ پہر 3.30 بجے تک کھلی ہوتی ہے۔ آپ 01-8874477 پر ہیلپ لائن کو فون کر سکتے ہیں یا helpline@npc.ie پر ای میل کر سکتے ہیں۔

- **ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ**

NPC کا ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ پروگرام والدین کی تربیت، راہنمائی اور معاونت کا ایک قومی پروگرام ہے۔ اس کا مقصد والدین کو اس قابل بنانا ہے کہ وہ ہر سطح پر بچے کی تعلیم میں سرگرم کردار ادا کر سکیں۔
تربیتی کورسز میں پیرنٹ ایسوسی ایشن ٹریننگ، بورڈ آف مینجمنٹ ٹریننگ، تعلقات اور جنسیت اور انٹرنیٹ کے محفوظ استعمال کے تربیتی کورسز شامل ہیں۔ ہماری ٹریننگ کے بارے میں مزید جاننے کیلئے ہمیں 01-8874475 پر ٹیلی فون کریں یا training@npc.ie پر ای میل کریں۔

- **ویب سائٹ**

NPC کی ویب سائٹ www.npc.ie کا مقصد پرائمری تعلیم کے بارے میں والدین کو معلومات فراہم کرنا ہے۔ یہ ویب سائٹ والدین کو پرائمری تعلیم کے مسائل کے بارے میں NPC کو اپنے خیالات سے آگاہ کرنے کا موقع بھی فراہم کرتی ہے۔ اس ویب سائٹ کے کچھ حصے 5 زبانوں میں دستیاب ہیں۔ فرانسیسی، روسی، چینی، عربی اور اردو۔

درج بالا تین خدمات کے علاوہ NPC درج ذیل میں بھی سرگرم کردار ادا کرتی ہے۔

**والدین کی حمایت اور نمائندگی**
NPC والدین سے مشاورت کرتی ہے اور تعلیمی پالیسی کے بارے میں والدین کے نکتہ ہائے نظر کو سامنے لاتی ہے۔

**والدین کی تنظیموں کے فروغ میں معاونت اور راہنمائی**
NPC سکولوں میں تنظیموں کے قیام کے سلسلے میں والدین کو معاونت اور راہنمائی فراہم کرتی ہے اورکاؤنٹی اور مقامی سطح پر والدین کی معاونت کیلئے اداروں کے قیام کی حمایت کرتی ہے۔

نیشنل پیرنٹس کونسل پرائمری، 12 مارلبورو کورٹ ، ڈبلن 1
ٹیلی فون : 01 8874034  فیکس : 01 8874489
ای میل : info@npc.ie ویب سائٹ : www.npc.ie
انفارمیشن / ہیلپ لائن : 01 8874477  ای میل : helpline@npc.ie

▪